سوال

میرے دوست نے ایک لڑکی سے منگنی کی اوران دونوں نے شرعی طورپرایک دوسرے کودیکھا بھی ہے لیکن ابھی تک عقد نکاح نہیں کیا، میری نیت تھی کہ میں اس سے منگنی کروں، میں نےاپنے دوست کواس لڑکی کے بارہ میں پوچھا وہ مجھے اچھی لگتی تھی اورمیں اس سے بہت ہی محبت کرنا لگا ہوں لیکن اس نے مجھ سے پہلے ہی اس کے ساتھ منگنی کرلی ۔ میں اسے بھول نہیں سکتا مجھے یہ علم ہے کہ میرے لیےاپنے مسلمان بھائی کی منگنی پر منگنی کرنا جائز نہیں جیسا کہ حدیث میں بھی وارد ہے ، توکیا جب میں اپنے دوست سے اس لڑکی کے ساتھ منگنی کرنے کی اجازت حاصل کرلوں اوراس کے سامنے اپنی حالت رکھوں کیا یہ مشکل حل ہوجائے گی ؟

جواب

الحمد للہ

جی ہاں یہ مشکل حال ہوجائے گی اس لیے کہ حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(تم میں سے کوئی بھی اپنے بھائی کی منگنی پر اس وقت تک منگنی نہ کرے جب تک کہ پہلے منگنی کرنے والا اسے چھوڑنہ دے یا پھر اسے اجازت دے دے تو پھر وہ منگنی کرے)

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے السلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ (1030) میں صحیح قرار دیا ہے ۔

اورمیں نے شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے اس مسئلہ اوراس دلیل کے بارہ میں سوال کیا توانہوں بھی وہی جواب دیا جوحدیث سے ظاہر ہے ۔ انتہی ۔

(تواس بنا پراس منگنی میں لیسے ہوگا کہ اس لڑکی نے دومردوں کودیکھا اورفیصلہ بھی وہی کرے گی کہ ان دونوں میں سے کسے اختیار کرے) ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

10681